# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
## كلية اللغة العربية والدراسات الاسلامية
(شعبہ عربی)

**کورس: عربی بول چال** (114) **سمسٹر: خزاں**2012ء

## بستہ برائے طلبہ

عزیز طلبہ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

اس ڈاک کے ہمراہ آپ کو درج ذیل مواد بھیجا جا رہا ہے۔ اگر اس بستے میں کسی چیز کی کمی ہو تو اس کی اطلاع "شعبہ ترسیل علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد" کو دیجیے تا کہ اس کمی کو پورا کیا جا سکے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1- | بستہ برائے طلبہ | ایک عدد |
| 2- | خط برائے طلبہ | ایک عدد |
| 3- | امتحانی مشقیں | دو عدد |
| 4- | فارم برائے امتحانی مشقیں (پرت) | دو سیٹ |
| 5- | رہنمائے طلبہ عمومی | ایک عدد |
| 6- | امتحانی مشقوں کا شیڈول | ایک عدد |
| 7- | مقررہ کتاب عربی بول چال (114) | ایک عدد |

والسلام

سمیع اللہ زبیری

کورس رابطہ کار ولیکچرار

شعبہ عربی، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## كلية اللغة العربية والدراسات الاسلامية

(شعبہ عربی)

**کورس: عربی بول چال** (114) **سمسٹر: خزاں** 2012ء

عزیز طلبہ!

**السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،**

کورس عربی بول چال کوڈ (114) میں داخلہ پر ہم آپ کوخوش آمدید کہتے ہیں اور آپ کے شوق کی قدر کرتے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ اس کورس کوآپ اپنی تعلیمی زندگی کے لیے بہت مفید پائیں گے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے طلبہ کونسبتاً زیادہ محنت کرنا ہوتی ہے۔ آپ کو پابندی اور مستقل مزاجی سے مطالعہ کی عادت اپنانا ہوگی تاکہ غیر رسمی نظام تعلیم کے مطابق منفرد اور جدید انداز میں بنائے گئے کورسز سے آپ بہتر طور پر مستفید ہو سکیں اور تعلیم کے مقاصد کا حصول آپ کے لیے ممکن ہو۔

آپ کو کورس ''عربی بول چال'' کے مواد کے متعلقہ حصے کا خوب اچھی طرح مطالعہ کر کے اپنے دونوں مشقی کام حل کرنا ہوں گے۔ کورس نصف کریڈٹ کا ہے۔ اس لیے دو مشقیں ہوں گی جو بروقت حل کر کے جزوقتی استاد (ٹیوٹر) کو بھیجنا ہوں گی۔ دیے گئے سوالات کو کتاب پڑھنے اور سمجھنے کے بعد حل کیا جاسکتا ہے۔ ہر مشقی کام کو حل کرنے کے بعد مشقی کام تین عدد فارم پُر کر کے اپنے ٹیوٹر کو مقررہ تاریخ سے قبل ارسال کر دیجیے۔ یاد رہے کہ اپنا نام، رول نمبر، پتہ، کورس کا نام وغیرہ واضح اور خوش خط لکھیے اور کوئی کالم خالی نہ چھوڑیے۔ داخلہ، رجسٹریشن یا امتحان سے متعلق کسی قسم کی شکایت یا استفسار ہو تو متعلقہ شعبے سے رجوع کیجیے اپنا مسئلہ وضاحت سے بیان کیجیے اور جواب کے لیے لفافہ ارسال کیجیے۔

کورس ۱۱۴ سے متعلق دس کیسٹیں (30 روپے فی کیسٹ) پر مشتمل ایک آڈیو پیک بھی آپ گھر بیٹھے اس پتے سے خط وکتابت کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔ ٹوٹل: (10x30)=300 روپے

انچارج تعلیمی کیسٹس
IET انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشنل ٹیکنالوجی
H-8 علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کورس کے حوالہ سے تعلیمی رہنمائی کے لیے اپنے ٹیوٹر سے رابطہ رکھیے۔ کورس کے اختتام پر اپنی رائے اور تجاویز رابطہ کار کو ضرور ارسال کیجیے۔ محنت اور کامیابی کی دعاؤں کے ساتھ

والسلام
سمیع اللہ زبیری
کورس رابطہ کار و لیکچرر
شعبہ عربی، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## كلية اللغة العربية والدراسات الاسلامية

(شعبہ عربی)

**کورس:** عربی بول چال (114) — **سمسٹر:** خزاں، 2012ء

**سطح:** بی ایس — **کل نمبر:** 100، کامیابی کے نمبر 40

**وارننگ**

عزیز طلبا! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

۱۔ امتحانی مشق میں اگر آپ کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں۔ خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

۲۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

## مشقی کام نمبر 1

**س1:** درج ذیل سوالوں کے جواب تحریر کریں۔ (10)

۱. إلى أين دخل العامل أحمد؟ ولماذا؟

۲. من أين أحمد؟

۳. ما نوع عمل أحمد؟

۴. أين تعلّم أحمد العربية؟

۵. من أين عبد اللّٰه؟

**س2:** درج ذیل الفاظ کے معانی لکھیں۔ (10)

تَذاكُر ، انطلاق ، البَاقِيَاتُ ، مَقْعَدٌ ، تَمام ، قَلم ،
قلم ناشف ، قَلَمُ رَصَاصٍ ، الحِبْر ، الرَّفّ ، المِنْقَلة

**س3:** درج ذیل الفاظ کو مفید جملوں میں استعمال کریں۔ (10)

المكتب ، الكتاب ، الهاتف ، يذهب ، يَسْمَعُ.

**س4:** واحد کے جمع اور جمع کے واحد لکھیں۔ (10)

اشجار ، اقلام ، مكاتب ، السيارات ، رجال ، رسائل ، مبالغ ، روبيات .

**س5:** درج ذیل الفاظ میں ماضی کے مضارع اور مضارع کے ماضی بنائیں۔ (10)

درس ، كتب ، ينصر ، يأكل ، نال ، قال ، يسمع ، صنع ، يضرب .

**س6:** درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مکالمہ عربی میں تحریر کریں۔ (10)

١. المحوار مع سائق التاكسي . يا ٢. المحوار مع بائع الكتب .

**س7:** دیئے گئے الفاظ میں سے مناسب الفاظ چن کر خالی جگہ پر کریں۔ (10)

قِصَصِ ، قَلَم ، المكتبة ، مجموعةً ، حسَناً .

١. أريد ......... حبرٍ وقلم نامشف .

٢. دخل أحمد إلى ........... ليشتري بعض القرطاسية.

٣. أريد ................ من أوراق الكربون.

٤. أريد مجموعة من ........... الأطفال .

٥. أرجو أن تعمل لي ................ .

**س8:** سٹیشنری سے متعلق دس چیزوں کے نام عربی میں لکھیں۔ (10)

**س9:** دس پھلوں کے عربی میں نام لکھیں۔ (10)

**س10:** درج ذیل کلمات کے مترادفات لکھیں۔ أنهى ، أحبَّذ ، طَبِيبٌ ، الأغراض ، إجرات. (10)

## مشقی کام نمبر 2

**س1:** درج ذیل سوالات کے جواب لکھیے ۔ (10)

١. مما تشكو يا أحمد؟

٢. هل أصابك مرضٌ قَدَمٌ قَلِيمٌ؟

٣. ما هو العلاج؟

٤. هَلِ النَّظارة تحافظُ على النَظر؟

٥. مَا هي الأوقاتُ التي يستخدم منها الدواء؟

**س2:** درج الفاظ کو مفید جملوں میں استعمال کریں۔ (10)

المدخين ، القلب ، الأشعّة ، الصحة ، أضرار .

**س3:** مناسب الفاظ سے خالی جگہ پر کیجیے۔ (10)

دکتور ، ورقة ، علیٰ ، حرفان ، ثلاث .

١. أشكو من ............ في البول.

٢. تفضل بالجلوس ............ الكرسيَ.

٣. ثم تشربه ............ مراتٍ يومياً.

۴. أريد ............ للمخبر.

٥. شكراً يا ............ في أمانِ الله.

**س4:** درج ذیل مذکر کے مؤنث لکھیے۔ (10)

طالب ، شاعر ، طبيب ، أستاذ ، رخيص ، رجل ، أخ ، ابن ، جمل ، حمّام.

**س5:** واحد کے جمع اور جمع کے واحد لکھیے۔ (10)

الدجاجة ، السمكة ، البيضة ، عضوٌ ، أصدقاء ، رجال ، أقدام ، أيدی ، أذرعة ، عظام

**س6:** درج ذیل کلمات کے معانی لکھیے۔ (10)

طبيب ، عظام ، الرّاس ، حسناً ، تأخذ ، المهندس ، البكتريا ، الملح ، حرارة ، مزرعة

**س7:** جملہ اسمیہ کی تعریف کیجیے اور پانچ مثالیں دیں۔ (10)

**س8:** اسم عدد اور اسم معدود کی تعریف مع مثالوں کے ذکر کریں۔ (10)

**س9:** حروف جارہ سے کیا مراد ہے؟ ان کی تعداد مع ایک ایک مثال کے ذکر کریں۔ (20)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆